1825- مسلمان عورت کی ایسے غیر مسلم مرد سے شادی جس کے مسلمان ہونے کی امید ہو

سوال

مسلمان عورت کی کسی غیر مسلم سے شادی کا حکم کیا ہے ، اورخاص کرجب شادی کے بعداس غیر مسلم کے مسلمان ہونے کی امید ہو ؟
بہت سی مسلمان عورتیں یہ دعوی کرتی ہیں کہ ان کے لیے غالب طورپر مسلمانوں میں شادی کے لیے مناسب لڑکا نہیں ملتا ، اوران عورتوں کا غلط راستے پر چلنے کا خدشہ ہے یا پھر وہ بہت ہی شدید قسم کے حالات میں رہ رہی ہوں ؟

پسندیدہ جواب

کتاب وسنت اوراجماع کے اعتبار سے مسلمان عورت کا کسی بھی غیر مسلم سے شادی کرنا منع ہے ۔

اس کی مزید تفصیل کے لیے آپ سوال نمبر (689) کا جواب ضرور دیکھیں ۔

اوراگرایسا ہوجائے تو یہ نکاح باطل ہوگا ، نکاح کی وجہ سے جو شرعی احکام لاگوہوتے ہیں وہ وہ اس پر لاگو نہیں ہوں گے ، اس نکاح سے جواولاد پیدا ہوگی وہ غیر شرعی ہوگی ، اورخاوند کے اسلام کی امیداس حکم کو کچھ بھی بدل نہیں سکتی ۔

واللہ اعلم.